ریزرو بینک آف انڈیا

ویب سائٹ:www.rbi.org.in

آر بی آئی/41/2016-2017/2017 25/اگست، 2017

ایف آئی ڈی ڈی سی، او، ایف، ایس، ڈی، بی، سی، 17-2016/05.10.007/11
دی چیئرمین/ منیجنگ ڈائریکٹر/ چیف ایکزیکیوٹو آفیسر
سبھی شیڈولڈ کمرشیل بینکیں (علاوہ علاقائی دیہی بینکیں)

محترم/محترمہ!

پردھان منتری فصل بیمہ یوجنا، ایم او اے اینڈ ایف ڈبلو کے فصل بیمہ پورٹل میں بینک برانچوں کے ذریعہ دیئے گئے غیر فیڈنگ ڈاٹا

برائے مہربانی ہمارے مورخہ 17 مارچ، 2016 کے سرکلر ایف آئی ڈی ڈی نمبر ایف سی ڈی، بی، بی سی 20/05.10.007/2015-16 کا حوالہ لیں جس کے ذریعہ آپ کو صلاح دی گئی تھی کہ آپ فصل بیمہ یوجنا کے اصولوں اور شرائط کی تکمیل کو یقینی بنائیں اور اس یوجنا کے تحت قرض لینے والے کسانوں اور قرض نہ لینے والے کسانوں کا صد فیصد احاطہ کریں تاکہ اس یوجنا کے مقصد اور ہدف کو حاصل کیا جاسکے۔

2. بھارت سرکار کی پردھان منتری فصل بیمہ یوجنا پر عمل پذیرائی سے متعلق رہنما ہدایات کے مطابق بینکوں سے امید کی جاتی ہے کہ وہ سبھی متعلقہ ڈاٹا جن میں سبھی قرض حاصل کرنے والے کسانوں اور قرض نہ لینے والے کسانوں کی فصلوں کی تفصیل اور ان کے ذریعہ حاصل فصل بیمہ یوجنا کی تفصیل اپنی برانچوں سے حاصل کرلیں گے۔

3. زراعت اور کسان بہبود وزارت نے سبھی بینکوں کو صلاح دی ہے کہ وہ کسانوں کی مکمل تفصیل فصل بیمہ کے لئے قائم پورٹل میں اندراج کردیں جو کہ www.agri-insurance.gov.in پر موجود ہے۔ ہمارے نوٹس میں یہ بات لائی گئی ہے کہ بینک برانچوں کے ذریعہ ان کی تفصیل پورٹل میں درج نہیں کی جا رہی ہیں۔ اس کے نتیجہ میں ایم او اے اینڈ ایف ڈبلو، ریاستی حکومتیں وغیرہ بیمہ شدہ فصلوں کا صحیح انداز اور اس کے نتیجہ میں آنے والی دقتوں کے بارے میں، بیمہ قسطوں کی کٹوتی کے بارے میں صحیح معلومات نہ مل پاتی ہے۔ اس لئے آپ کو صلاح دی جاتی ہے کہ آپ اپنی بینک برانچوں کو ضروری ہدایات دیں کہ وہ جلد از جلد متعلقہ ڈاٹا اس پورٹل میں اندراج کریں۔

آپ کا مخلص

(اُما شنکر)

چیف جنرل منیجر

فائنینشیل انکلوزن اینڈ ڈیولپمنٹ ڈپارٹمنٹ، سینٹرل آفس 10 ویں منزل، سینٹرل آفس بلڈنگ شہید بھگت سنگھ مارگ، پوسٹ باکس نمبر 10014 ممبئی - 400001
فون 022-22601000 فیکس 91-22-22621011 / 22610943 / 22610948
ای۔میل: cgmicfidd@rbi.org.in

آگاہی: ریزرو بینک کبھی بھی کسی کو اس کی ذاتی معلومات جیسے بینک اکاؤنٹ کی تفصیل، پاس ورڈ، وغیرہ کے بارے میں جاننے کے لئے ایس ایم ایس یا فون نہیں کرتا ہے، اور نہ ہی اس کے ذریعہ فنڈس کی پیش کش کی جاتی ہے۔ برائے مہربانی اس طرح کی کسی بھی پیش کش کا جواب مت دیجئے۔